4 ☆ مراٹھی نامہ' پروفیسر اکبر رحمانی' ناشر: ایجوکیشنل اکاڈمی اسلام پورہ' جلگاؤں ۴۲۵۰۰۱ (مہاراشٹر) بھارت۔ صفحات: ۱۷۶۔ قیمت: ۲۵ روپے۔ [مراٹھی اخبارات کے مضامین اور خبروں پر' بہ صورتِ کالم' آموز گار جلگاؤں کے مدیر پروفیسر اکبر رحمانی کے تجزیاتی مطالعوں اور تبصروں کا مجموعہ (مطبوعہ روزنامہ انقلاب اور قومی آواز' بمبئی۔ زمانہ: ۱۹۸۶ء تا ۱۹۹۳ء)۔ مسلم تعلیمی' معاشرتی اور معاشی مسائل پر بھارت کے بعض فرقہ پرست سیاست دانوں' تنگ نظر دانش وروں اور متعصب صحافیوں کے فکر و ذہن کی آئینہ دار تحریروں کا تجزیہ۔]

5 ☆ کاوش نظر' ڈاکٹر سید عبدالباری۔ ناشر: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس' ۳۱۰۸ گلی وکیل' کوچہ پنڈت' لال کنواں' دہلی ۶۔ صفحات: ۲۳۲۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ [ادبی تنقیدی مقالات کا مجموعہ۔ ادب اور فن کے مختلف موضوعات پر چند اہم اصولی بحثیں۔ بعض ممتاز اہل قلم (اقبال' سید سلیمان' مومن' جگر' ماہر القادری' فراق' پطرس وغیرہ) کی کاوشوں پر تنقید و تبصرہ۔ قطعیت سے چند محکم و متوازن اصولوں کی روشنی میں' ''خود اعتمادی کے ساتھ خوش گوار اسلوب میں کچھ کام کی باتیں''۔]

6 ☆ تعلیمی مباحث' پروفیسر عتیق الرحمٰن صدیقی۔ ناشر: ادارہ تعلیمی تحقیق' ۳ بہاول شیر روڈ' مزنگ' لاہور۔ صفحات: ۱۴۰۔ قیمت: ۱۰۲ روپے۔ [مصنف کی طویل معلمانہ زندگی کے تجربات پر مبنی' تعلیمی مسائل کے مختلف پہلوؤں پر مختصر مضامین۔ تربیتی پہلو اور تدریسی حکمت عملی نمایاں۔ ایک تعمیری نقطۂ نظر رکھنے والے نظریاتی استاد کے گراں قدر خیالات۔]

7 ☆ کب رات بسر ہوگی؟ پروفیسر شیخ محمد اقبال۔ ناشر: آل پاکستان تھنکرز فورم' ۱۳۱۔ رحمت پارک' کالج روڈ' سرگودھا۔ صفحات: ۱۳۴۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [استاذ شاعر اور نقاد اور نابیناؤں کی انجمن کے صدر شیخ محمد اقبال کے فکر انگیز اور مثبت انداز فکر کے ترجمان مضامین کا مجموعہ۔ دراصل ماہنامہ سفید چھڑی کے اداریے: زندگی کے تضادات' توہمات اور غیر صحت مند تصورات و رجحانات پر تنقید بلکہ اُن کے خلاف ''قلمی جہاد''۔ بقول مصنف: ''ہمیں قسمت اور تقدیر کی شکایت کرنے کے بجائے ان زمینی خداؤں کے خلاف صف آرا ہونا چاہیے [اور] یہ ممکن ہی نہیں کہ برائی کی قوتیں ہمیشہ کے لیے اپنی عمل داری برقرار رکھ سکیں۔ بشرطیکہ درست سوچ رکھنے والے سپر انداز نہ ہوں''۔]

8 ☆ تصوف کی دنیا اور روحانی علاج' ڈاکٹر امیر فیاض۔ ناشر: فیڈرل ہومیو کلینک اینڈ سٹور' ادھیانہ بازار' مینگورہ سوات۔ صفحات: ۴۳۰۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔ [دورِ حاضر کے امراض کا روحانی علاج بذریعہ: صبر' نماز' ذکر' صدقہ' فقر' نصیحت' پیر اور مرید کا باہمی رشتہ۔ انبیاے کرام' صوفیا' صلحا کے اقوال--- استفادہ از مولانا اشرف علی تھانویؒ، امام غزالیؒ، ابن تیمیہؒ، محمد قطب وغیرہ--- ایک پرخلوص جذبے کے ساتھ متوازن نقطۂ نظر۔]

9 ☆ شہر رواں' مشتاق احمد بھٹی۔ پتا: طارق طالب پرنٹرز' ۵۴ میو ہسپتال' لاہور۔ صفحات: ۱۶۲۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔ [محکمہ ٹیلی فون کی ۳۲ سالہ ملازمت کے ''خوش گوار'' عرصے میں مصنف نے دنیا کے ۲۶ ممالک کے ۵۲ شہر دیکھے۔ یہ سفرنامہ ''انھی شہروں کی یاد میں ہے''۔ سفر کے واقعات و حالات اور تجربات و مشاہدات سادہ اور رواں نثر میں۔ سیکڑوں مقامات اور لوگوں اور جگہوں کا ذکر۔ بیسیوں تصاویر کے ساتھ ایک دلچسپ سفرنامہ۔ مصنف کا دین دارانہ ذہن اور مثبت اور صحت مند زاویۂ حیات۔]